14/03/2026

09.25 /AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں عابدہ اختر

LG

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہانے کہا ہے کہ ادب اور ثقافت کسی بھی معاشرے کی اصل شناخت ہوتے ہیں اور یہی اقدار ہمیں ایک دوسرے سے جورٹی ہیں۔انہوں نے کہاکہ کسی خطے کی شناخت صرف معاشی کامیابیوں سے نہیں بلکہ اس کی لوک روایات اور ،فنون لطیفہ سے ظاہر ہوتی ہے۔وہ کل جموں یونیورسٹی کے زیراہتمام دو روزہ اَدبی و ثقافتی کنکلیو”ساہتیہ سنسکرتی سماگم“کی اِفتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔

کا بینہ میٹنگ

کا بینہ نے جموں کشمیر بھر میں حکمرانی کے عمل کو دوام بخشنے نیز ترقیاتی عمل میں سرعت لانے سے متعلق کئی فیصلے لئے ہیں ۔ کل وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی صدارت میں منعقد ہوئی کا بینہ میٹنگ کے دوران انتظامی کارکردگی میں بہتری لانے اور عوامی خدمات کے نظام کو معیار کی بلندیوں تک لے جانے پر بھی توجہ مرکوز کی گئی۔

تعزیت

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اوروزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھدرواہ کے بستی گاؤں میں پیش آئے دلدوز سڑک حادثے مینجموں کشمیر پولیس کے ہیڈ کانسٹیبل ذولفقار علی اور ان کی اہلیہ کے جاں بحق ہونے پر دکھ اور صدمے کا اظہار کیاہے ۔ انہوں نے سوگوار کنبے کے ساتھ تعزیت کا اظہا رکرتے ہو ئے زخمی بچوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی۔

جا وید ڈار

سکیم کسانوں کو مالی مدد فراہم PM-KISAN زراعت کے وزیر جاوید احمدڈار نے کہا ہے کہا کہ کرنے اور دیہی معیشت کو مضبوط بنانے میں اہم کر دار ادا کر رہی ہے۔

یہ بات انہوننے کل سیول سیکرٹریٹ جموں مینسکیم کی22ویں قسط جاری کرنے کی وزیر اعظم تقریب میں ورچول موڈ کے ذریعے شرکت کے دوران کہی۔

جمعتہ الوداع

آج رمضان المبارک کی24تاریخ ہے اور یہ مہینہ اب ہم سے رُخصت ہو رہا ہے۔ ماہ رمضان کے آخری جمعہ یعنی جمعتہ الوداع کی تقریب سعید کل انتہائی عقیدت و احترام کے ساتھ منائی گئی ۔ اس سلسلے میں وادی کی مساجد، خانقاہوں، زیارت گاہوں اور امام بارگاہوں میں نماز جمعہ کے بڑے بڑے اجتماعات منعقد ہوئے ۔ جس دوران علما اور خطیب حضرات نے جمعتہ الوداع کی اہمیت و فضیلت بیان کی۔

نماز جمعہ کا سب سے بڑا اجتماع آثار شریف در گاہ حضرت بل میں منعقد ہوا جہاں توبہ و استغفار اور درود و ازکار کی صداؤں سے فضا گونج اُٹھی۔

Bulletins

ریجنل نیوز یونٹ آکاشوانی سرینگر کل یعنی15مارچ سے خبروں کا ایک اور اُردو بلیٹن نشر کر رہا ہے۔10منٹ کا یہ بلیٹن کل سے ہر روز سہ پہر3بجکر50منٹ سے4بجے تک نشر ہوا کرے گا۔

اس سلسلے میں آکاشوانی نیوز کے ڈائریکٹر جنرل راجیو جین نے باضابطہ آرڈر جا ری کیا ہے جس پر آکاشوانی نیوز سرینگر کے ڈائریکٹر طارق راتھر نے اُن کا شکریہ ادا کیا ہے۔ طارق راتھر نے اس سلسلے میں اپنا تعاون دینے کےلئے آکاشوانی سرینگر کے کلسٹر ہیڈ گُربندر سنگھ اور پروگرام سر براہ غلام رسول آخون کا بھی شکریہ ادا کیا ہے۔

قابل ذکر ہے کہ آکاشوانی نیوز سرینگر اب روزانہ خبروں کے کُل12بلیٹن نشر کرے گا جن میں اُردو کے4اور کشمیری کے5بلیٹنز کے علاوہ پہاڑی، گوجری اور بلتی زبان کا ایک ایک بلیٹن شامل ہے۔

JKAS

امتحانات کے نتائج کا اعلان کیا ہے - JKASجمونو کشمیر پبلک سروس کمیشن نے سال 2024کے مرحلے کےلئے کُل2ہزار492اُمید وار منتخب ہوئے تھے جن میں Mains ان امتحانات کے سے345امید واروں کو کامیاب قرار دیا گیا ہے۔

شرما نے پہلی ، سِمر ن جیت کور نے دوسری اور ہَرشِت شرما نے ABSYUنتائج کی رو سے تیسری پوزیشن حاصل کی ہے۔

کانفرنس

سرینگر میں کولڈ واٹر فشریز سے SKICC مرکزی حکومت کے محکمہ فشریز کی طرف سے آج متعلق ایک قومی کانفرنس کا انعقاد کیا جا رہا ہے ۔ کانفرنس کی صدارت فشریز اور پشو پالن کے مرکزی وزیر راجیو رنجن سنگھ کریں گے۔

کانفرنس میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا ، وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ ، فشریز کے مرکزی وزرائے ، جموں کشمیر کے وزیر زراعت George Kurain اور Baghel مملکت پروفیسر ایس پی سنگھ جاوید احمد ڈار کے علاوہ کئی دیگر اہم شخصیات موجود رہیں گی ۔

پاسپورٹ

ریجنل پاسپورٹ آفیسر سرینگر نے کہا ہے کہ عام لوگوں کی سہولت کے لئے پوسٹ آفس پاسپورٹ سیوا کیندر اننت ناگ اور پوسٹ آفس پاسپورٹ سیوا کیندر بارہمولہ آج سنیچر کے باوجود کھُلے رہیں گے ۔ پاسپورٹ درخواست دہندگان ان سے سہولیات حاصل کر سکتے ہیں ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت4 اعشاریہ 4 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت14اعشاریہ7 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ

....

....

....